**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 15 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۵/جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ آشاڑی واری میں شرکت کرنے والی دِنڈیوں کو 20 /ہزار روپے گرانٹ' وزیراعلیٰ کا اعلان

☆ زرعی سامان کی مصنوعی قلت کے معاملے میں کی گئی سخت کارروائی' وزیر زراعت دھننجئے مُنڈے کی اطلاع

☆ نیٹ بے ضابطگی معاملے میں مرکزی حکومت اور قومی امتحانات ایجنسی این ٹی اے کو سپریم کورٹ کا نوٹس

اور

☆ گرمیوں کی تعطیلات کے بعد آج سے اسکولوں میں نئے تعلیمی سال کا آغاز

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے پنڈھرپور کی آشاڑی واری میں شرکت کرنے والی دنڈیوں کو 20/ہزار روپے گرانٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔ کل ممبئ میں منعقدہ ایک خصوصی میٹنگ میں وزیراعلیٰ بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ وارکریوں کے لیے گٹ بیمہ اسکیم نافذ کی جائے گی اور گزشتہ برس کی طرح اُن کی گاڑیوں کا ٹول ٹیکس معاف کر دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے دونڈ کی بھیمہ ندی کے کنارے واقع مذبحہ خانے بند کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے بتا یا کہ وارکریوں کوسہولیات کی فراہمی کے لیے تمام امور کی منصوبہ بندی کی گئی ہے ۔ اِسی دوران نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے بھی کل پونے میں منعقدہ ایک میٹنگ میں آشاڑی واری سے متعلق جائزہ لیا۔ اِس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ نے تجویز پیش کی کہ پالکھی کی گزرگاہوں سے متصل زمین کو مستقل طور پر اپنے قبضے میں لیا جائے اور پالکھی تقریب کے علاوہ اِسے دیگر اوقات میں استعمال کرنے کی تجویز تیار کی جائے۔ پوار نے ہدایت دی کہ اِن جگہوں کو ناجائز قبضہ جات سے بچانے کے لیے قدم اٹھائے جائیں۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی کا مانسون اجلاس ممبئی میں آئندہ 27/جون تا 12/ جولائی کے دوران ہوگا۔ ریاست کا اضافی بجٹ 28/جون کو اسمبلی کے دونوں ایوانوں میں پیش کیا جائے گا۔ یہ اجلاس کُل 13/دن جاری رہے گا۔

***** ***** *****

محصول کے ریاستی وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے کہا ہے کہ ریاست کے ایک ہزار 245/قحط سالی سے متاثرہ محصول منڈلوں میں چارہ ڈپو قائم کرنے کے لیے حکومت نے اجازت دی ہے ۔ وزیر موصوف کل ممبئی میں بول رہے تھے ۔ انھوں نے بتا یا کہ ماہ جون کے پہلے ہفتے سے ہی ریاست کے مختلف مقامات پر بارش شروع ہوچکی ہے تاہم چند علاقے اب بھی ایسے ہیں جہاں قحط جیسی صورت حال ہے ۔ جس کے پیش نظر وکھے پاٹل نے حکومت سے اُن علاقوں میں چارہ ڈپو کے قیام کا مطالبہ کیا تھا ۔ فی الحال ریاست میں 512 / لاکھ 58 / ہزار میٹرک ٹن ہرا چارہ 144/لاکھ 55/ہزار ٹن خشک چارہ دستیاب ہے۔ حکومت کا اندازہ ہے کہ یہ چارہ ماہ جون کے آخر تک کافی ہوجائے گا۔

***** ***** *****

مہاتما پھلے زرعی یونیورسٹی راہوری اور مہاراشٹرا اینرجی ڈیولپمنٹ ایجنسی MEDA نے ریاستی سطح کی شراکت کے ذریعے گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کے ایک منصوبے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں ۔ غیر روایتی توانائی کے ذرائع پر مبنی یہ پروجیکٹ یونیورسٹی میں مکمل کیا جائے گا ۔ اِس کے لیے تکنیکی رہنمائی آئی آئی ٹی ممبئی سے لی جائے گی ۔ اِس منصوبے میں بنیادی طور پر زرعی باقیات اور شہری کچرے کو پروسیس کرکے اُس سے ہائیڈروجن ایندھن بنایا جائے گا جس سے بجلی پیدا کی جائے گا ۔

***** ***** *****

زراعت کے ریاستی وزیر دھننجئے مُنڈے نے کہا ہے کہ زرعی سامان کی مصنوعی قلت پیدا کی جارہی ہے اور اِس معاملے میں سخت کارروائی کی جارہی ہے۔ وزیر موصوف کل بیڑ میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ریاست میں کہی بھی بیج کھاد اور کیڑے مار ادویات کی کمی نہیں ہونے دی جائے گی۔ اِسی کے ساتھ بیڑ ضلعے میں کل بجلی کمپنی مہا وِترن کے زیر التواء کاموں ' بارش کے مہینوں کے لیے منصوبہ بندی اور دیگر مختلف اسکیمات سے متعلق مُنڈے کی موجودگی میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

کھیل اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے ریاستی وزیر سنجئے بنسوڑے نے محکمہ زراعت کے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ گاؤں کی سطح پر جا کر خریف فصلوں کی پیداوار بڑھانے کیڑوں سے فصلوں کو ہونے والی بیماریوں کی روک تھام کی خاطر کسانوں کی رہنمائی کریں۔ وزیر موصوف کل لاتور ضلعے کے اودگیر میں خریف موسم کے جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے ہدایت دی کہ ہر زرعی خدمت مرکز پر ایک زرعی معاون کا تقرر کیا جائے۔

***** ***** *****

کویت میں پیش آئے حادثے میں آگ لگنے سے ہلاک ہونے والے 45/ بھارتی شہریوں کے جسد خاکی کل بھارت پہنچ گئے۔ ان میں کیرالا کے 23/ تمل ناڈو کے 7/ آندھراپردیش 3/ اُترپردیش 3/اوڈیشہ 2/بہار ' پنجاب ' کرناٹک ' مغربی بنگال ' جھارکھنڈ' ہریانہ اور مہاراشٹر کا فی کس ایک ایک شخص شامل ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس حادثے میں مرنے والوں کے اہل خانہ کو فی کس 2/لاکھ روپیوں کی امداد کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے طبی نصاب کے امتحان نیٹ میں ہوئی بے ضابطگی معاملے میں مرکزی جانچ ایجنسی سی بی آئی کے ذریعے جانچ کروانے کے مطالبہ سے متعلق مرکزی حکومت اور قومی امتحانات ایجنسی این ٹی اے کو 2/ہفتوں میں حلف نامہ داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

سپریم کورٹ نے مفادِ عامہ کی ایک درخواست کے دوران یہ ہدایت دی۔ وہیں دوسری جانب اِسی معاملے میں عدالت نے مختلف ہائی کورٹس میں زیر التواء مقدمات سپریم کورٹ میں منتقل کرنے کی این ٹی اے کی درخواست پر متعلقین کو نوٹس جاری کیا ہے۔

اِسی دوران تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے سماجی رابطے کی سائٹ ٹویٹر پر جاری ایک پیغام میں کہا کہ نیٹ امتحان بے ضابطگی معاملے میں سپریم کورٹ کی جانب سے جاری ہدایت کے مطابق مرکزی حکومت اِس امتحان میں شریک طلباء کے مفاد کی حفاظت کے لیے وعدے کی پابند ہے۔ انھوں نے اطمینان دلایا کہ کسی بھی طالب علم کے مستقبل سے کھلواڑ نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اِسی دوران ناندیڑ ضلع کانگریس کمیٹی کی جانب سے نیٹ امتحان کے دوبارہ نئے انعقاد کے مطالبے پر ناندیڑ شہر کے بھاگیہ نگر تا مہاتما پھُلے چوک تک جلوس نکالا گیا جس میں طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

آئندہ 21/جون کو منائے جانے والے بین الاقوامی یوگا دن کی تیاریاں پوری دنیا میں جوش وخروش کے ساتھ کی جارہی ہے۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سوشل میڈیا پر اردھ چکرآسن پر مبنی ایک ویڈیو جاری کی۔ یہ آسن دل کو صحت مند رکھتا ہے اور دوران خون کو بہتر کرتا ہے۔

***** ***** *****

موسم گرمی کی تعطیلات کے بعد آج سے ریاتی تعلیمی بورڈ کے تحت اسکولوں میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوگیا ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے کئی اسکولوں میں آج داخلے کی تقاریب کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ضلعے میں تمام میونسپل کارپوریشن اسکولوں' پری پرائمری اسکولوں '، ضلع پریشد کی 16/اسکولوں اور 95/خانگی امداد یافتہ اسکولوں کے 38/ہزار طلباء میں کھانے کے ساتھ آج مٹھائی بھی تقسیم کی جائے گی۔

***** ***** *****

قانون ساز کاؤنسل میں حزب اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے چھترپتی سنبھاجی نگر میں اشیاء وخدمات ٹیکس محکمے کی اپیل ٹربیونل کے قیام کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے اِس خصوص میں ایک مطالباتی محضر وزیر اعلیٰ کو پیش کیا ہے۔ اِس معاملے سے متعلق خبر میں بتایا گیا ہے کہ مہاراشٹر اور گوا کی اپیلوں کی نگرانی کی خاطر ریاست میں 3 ر بینچ قائم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

مقدس شہر مکہ کے عرفات میں بھارت سمیت دنیا بھر سے آئے 20 ر لاکھ سے زائد افراد آج قیام کریں گے۔ حجاج کرام آج فجر کے بعد منیٰ سے عرفات کی جانب روانہ ہو رہے ہیں۔ زوال سے مغرب تک حاجی عرفات میں رہیں گے۔ عرفات کا قیام حج کا سب سے اہم رکن ہے۔ آج مغرب ہوتے ہی حاجی مذدلفہ کی جانب روانہ ہوں گے۔ بھارت میں عرفہ کل اور عید پرسوں منائی جائے گی۔

***** ***** *****

خواتین واطفال کی ترقی کے محکمے کی جانب سے تھانے ضلع میں راستے پر رہنے والے بچوں کو سماج کے مرکزی دھارے میں لانے کی خاطر موبائل اسکول کے نظریہ پر عمل درآمد کیا گیا۔ تعلیمی سال 25-2024 کے دوران ممبئی اور عنبرناتھ میونسپل کاؤنسل حدود میں اِس اسکیم کے تحت 450 ر سے 500 ر بچے موبائل اسکول جائیں گے۔ یہ اطلاع تھانے ضلعے کی خواتین واطفال کی بہبود کے افسر مہندر گائیکواڑ نے دی۔ آئندہ 20 ر جون کو ان بچوں کے داخلے کی تقریب کا انعقاد ہوگا۔ تھانے سمیت ریاست کے 7 ر اضلاع میں یہ اسکیم چلائی جارہی ہے۔

***** ***** *****

امداد باہمی کے سابق ریاستی وزیر مملکت ڈاکٹر جئے پرکاش مُنڈا نے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی کے دوران شیوسینا میں شامل ہو گئے۔ منڈا ہنگولی اسمبلی حلقے سے 4 ر مرتبہ شیوسینا کی نمائندگی کر چکے ہیں۔

***** ***** *****

T-20 ر عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کا آج کینڈا سے مقابلہ ہوگا۔ امریکہ کے فلوریڈا میں یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 ر بجے ہوگا۔ دریں اثناء ان مقابلوں میں اے گروپ سے بھارت اور امریکہ نے آخری 8 ر ٹیموں میں جگہ بنالی ہے۔ پاکستان اور آئرلینڈ اِس مقابلے سے باہر ہوگئے ہیں۔کل امریکہ اور آئرلینڈ کے درمیان بارش کے سبب مقابلہ منسوخ ہوگیا تھا۔ اِس ٹورنامنٹ میں فی الحال جنوبی افریقہ بنام نیپال اور نیوزی لینڈ بمقابلہ یوگانڈا کے میچیس جاری ہیں۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **آشاڑی واری میں شرکت کرنے والی دِنڈیوں کو 20 ر ہزار روپئے گرانٹ' وزیر اعلیٰ کا اعلان**
- ☆ **زرعی سامان کی مصنوعی قلت کے معاملے میں کی گئی سخت کارروائی' وزیر زراعت دھنجئے مُنڈے کی اطلاع**
- ☆ **نیٹ بے ضابطگی معاملے میں مرکزی حکومت اور قومی امتحانات ایجنسی این ٹی اے کو سپریم کورٹ کا نوٹس**

**اور**

- ☆ **گرمیوں کی تعطیلات کے بعد آج سے اسکولوں میں نئے تعلیمی سال کا آغاز**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆